یونیورسٹی میں پری انرولمنٹ اور تعلیمی سال 2025-26 کے لیے اسٹڈی ویزا کے درخواست دہندگان کو درج ذیل مراحل پر عمل کرنا ہوگا:

1. ویب پورٹل https://www.universitaly.it پر رجسٹریشن کریں اور رجسٹریشن رسید پرنٹ کریں۔

2. اپنی تعلیمی قابلیت کے لیے CIMEA کا موازنہ سرٹیفکیٹ حاصل کریں۔ اس کے لیے ویب پورٹل https://www.cimea.it/EN/pagina-attestati-di-comparabilita-e-verifica-dei-titoli استعمال کریں۔

3. اسٹڈی ویزا کے لیے آن لائن اپائنٹمنٹ لیں https://blsitalypakistan.com

اٹلی ویزا ایپلیکیشن سینٹر، پلاٹ نمبر 11، C نیئر کافی بین، بخاری کمرشل، DHA فیز 6، کراچی)۔

4. BLS صرف سندھ اور بلوچستان کے رہائشیوں سے اپائنٹمنٹ کی بنیاد پر درخواستیں قبول کرے گا۔

5. اسٹڈی ویزا کی درخواستیں تعلیم کے آغاز سے کم از کم 90 دن پہلے جمع کروانا لازمی ہے۔ درخواستیں 30 نومبر 2025 سے پہلے ہر صورت جمع کروائی جائیں۔

6. طلباء کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ جلد درخواست دیں اور CIMEA کا موازنہ سرٹیفکیٹ حاصل کریں کیونکہ اب اٹلی کی زیادہ تر یونیورسٹیاں اسے "Declaration of Value (DOV)" کے متبادل کے طور پر قبول کرتی ہیں۔

نوٹ:

اٹلی کا قونصل خانہ طلباء کو یاد دہانی کرواتا ہے کہ ان کا کسی بھی ٹریول ایجنسی یا تعلیمی کنسلٹنٹ کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص یا ادارہ "یقینی انرولمنٹ، داخلہ یا ویزا" کے نام پر رقم کا مطالبہ کرتا ہے تو یہ فراڈ ہے۔ ایسی کسی بھی سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر درج ذیل ای میلز پر دیں:

consolare.karachi@esteri.it

visti.karachi@esteri.it

---

اسٹڈی ویزا کے لیے درکار دستاویزات:

1. مکمل پُر شدہ اور دستخط شدہ درخواست فارم

2. حالیہ دو عدد پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر (سفید پس منظر کے ساتھ)

3. شناختی کارڈ کی کاپی (صرف سندھ اور بلوچستان کے رہائشیوں کے لیے)

4. اسٹڈی ویزا کے لیے موٹیویشن لیٹر

5. انٹرنیشنل ہیلتھ انشورنس (کم از کم 30,000 یورو کی کوریج، ایک سال کے لیے درست)

اگر یونیورسٹی انشورنس دے رہی ہو تو صرف پہلے مہینے کی انشورنس لازمی ہوگی

6. کنفرم فلائٹ بکنگ کی کاپی

7. اٹلی میں رہائش کا ثبوت (کم از کم 45 دن کی رہائش کا بندوبست، کیمپس یا ہوٹل/رینٹل ایگریمنٹ)

اگر نجی رہائش ہو تو میزبان کا " "Declaration of Hospitalityنوٹری پبلک کے سامنے دستخط شدہ ہونا ضروری

8 .UNIVERSITALY. پورٹل سے جاری شدہ پری انرولمنٹ لیٹر

9.CIMEA کا موازنہ یا مساواتی سرٹیفکیٹ

10. اصل تعلیمی دستاویزات ( MOFAسے اپاسٹیل شدہ) اور فوٹو کاپی

11. رجسٹریشن یا ٹیوشن فیس کی ادائیگی کی رسید

12. مالی وسائل کا ثبوت ( PKRمیں ظاہر کردہ):

a(ذاتی یا والدین کے اکاؤنٹ کی گزشتہ 6 ماہ کی بینک اسٹیٹمنٹ اور مینٹیننس سرٹیفکیٹ (بینک اسٹامپ کے ساتھ)

b(دیگر مالی وسائل کا ثبوت یا اطالوی اداروں کی طرف سے اقتصادی ضمانت

c(تنخواہ کا ثبوت

d(اسپانسر کی مالی معاونت کا حلف نامہ

e(اسپانسر کے گزشتہ دو سال کے ٹیکس ریٹرن

f(اسپانسر سے رشتہ داری کا ثبوت ( FRCکے ذریعے)

13. وطن واپسی کے لیے مالی وسائل کا ثبوت (واپسی کی ٹکٹ بھی قابل قبول ہے)

14. اگر طالب علم نابالغ ہو تو اٹلی میں ایک قانونی سرپرست کا تقرر ضروری ہے

15. پاسپورٹ (اور فوٹو کاپی) جو درج ذیل شرائط پر پورا اُترے:

a) ویزا سے تین ماہ زائد مدت تک کارآمد ہو

b) کم از کم دو خالی صفحات ہوں

16. موجودہ اور پچھلے ویزوں کی فوٹو کاپیاں (اگر کوئی ہوں)

---

اہم ہدایات:

نامکمل دستاویزات پر مبنی درخواستیں مسترد یا مؤخر کی جا سکتی ہیں۔ مکمل فائل جمع کرانا ویزا کی ضمانت نہیں ہے۔

ویزا جاری ہونے کے بعد اٹلی پہنچنے کے 8 دن کے اندر "Permesso di Soggiorno" (رہائش کا اجازت نامہ) کے لیے قریبی پولیس اسٹیشن (Questura) میں درخواست دینا لازمی ہے۔

جعلی دستاویزات یا پاسپورٹ کی صورت میں اٹلی اور پاکستان کی امیگریشن اتھارٹیز کو اطلاع دی جائے گی اور قانونی کارروائی کی جائے گی۔